MA Arabic I Year (2018-19)

Grammar 1 – Assignment I

یہ پرچہ تین حصوں پر مشتمل ہے، حصہ اول، حصہ دوم اور حصہ سوم، تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں پانچ سوالات ہیں، ہر سوال کا جواب دینا لازمی ہے، اور ہر سوال کے لیے دو نمبرات مختص ہیں۔ [05x02=10]
2. حصہ دوم میں چار سوالات ہیں، ان میں سے کوئی دو سوالوں کے جواب دینے ہیں، ہر سوال کے لیے پانچ نمبرات مختص ہیں۔[02x05=10]
3. حصہ سوم میں تین سوالات ہیں، ان میں سے کسی ایک سوال کا جواب دینا ہے جس کے لیے دس نمبرات مختص ہیں۔ [01x10=10]

******

حصہ اول

ا۔ مندرجہ ذیل تمام سوالوں کے جواب دیجیے۔

I۔جس اسم معرب کے آخر میں یائے لازمہ اور اس سے پہلے کوئی حرف مکسور ہو اسے --- کہتے ہیں :

A۔ اسم صحیح B۔ اسم منقوص C۔ اسم مقصور D۔ اسم ممدود

II۔ فضلی کی جمع کیا ہوگی

A۔فضلات B۔فاضلات C۔فضلیات D۔فضلایات

III۔ فعل مضارع منصوب کی کیا علامت ہے

A۔اسقاط نون B۔فتحہ C۔اسقاط حرف علت D۔مذکورہ سبھی

IV۔مندرجہ ذیل جملے میں خالی جگہوں کو پر کیجیے:

--- الامہات ثیاب اولادھن و--- لھم الفطور

V۔ کلمے کی جامع مانع تعریف کیجیے۔

حصہ دوم

2۔ اسم کی اسکے آخر کی نوعیت کے اعتبار سے کتنی قسمیں ہوتی ہیں۔ ان کی تعریف کیجیے اور ان میں سے ہر ایک کا اعراب بھی بیان کیجیے۔

3۔ نواصب مضارع کو تفصیل سے بیان کیجیے، اور "ان" کہاں کہاں مقدر ہو کر مضارع کو نصب دیتا ہے مثالوں کے ساتھ جواب دیجیے۔

4۔ فاء جزائیہ کسے کہتے ہیں، اور اسکے وجوب وجواز کی کیا کیا صورتیں ہیں مثالوں کے ساتھ تحریر کیجیے۔

5۔ جمع مکسر کسے کہتے ہیں، اس کے اہم اوزان کیا کیا ہیں، دس اوزان کی دو دو مثالیں پیش کیجیے۔

حصہ سوم

6۔اسم کی جمع کے اعتبار سے کتنی قسمیں ہیں، جمع مذکر سالم اور جمع مؤنث سالم کی تعریف کیجیے، جمع مؤنث سالم کو بنانے کا طریقہ تحریر کیجیے نیز یہ بھی لکھیے کہ جمع مؤنث سالم کن چیزوں کی بنتی ہے۔

7۔ فاعل کسے کہتے ہیں اسکی تعریف کیجیے، وہ کتنی قسم کا ہوتا ہے، فعل اور فاعل میں تطابق کی وجوبی اور جوازی صورتیں کیا کیا ہیں، اور فاعل وجوبی طور پر فعل پر کب مقدم ہوتا ہے

8۔ جوازم کسے کہتے ہیں، ایک فعل اور دو فعل کو جزم دینے والے جوازم کا ذکر کیجیے اور ان کی مثالیں بھی تحریر کیجیے، نیز" لم" اور" لما" کے درمیان فروق کو مثالوں کے ساتھ واضح کیجیے۔

******